Official Spokesperson's response to media queries on allegations by Pakistan regarding Indian forces targeting a U.N. vehicle

December 20, 2020

بھارتی فورسز کی طرف سے یو این کی گاڑی کو نشانہ بنانے کے حوالے سے پاکستان کے الزامات سے متعلق میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

20 دسمبر، 2020

بھارتی فورسز کی طرف سے یو این کی گاڑی کو نشانہ بنانے کے حوالے سے پاکستان کے الزامات سے متعلق میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان جناب انوراگ سریواستو نے کہا:

"18 دسمبر، 2020 کو اقوام متحدہ کی گاڑی کو جان بوجھ کر نشانہ بنانے کے بارے میں پاکستان کے الزامات کی تفصیل کے ساتھ تحقیقات کی گئیں اور یہ حقیقت میں غلط اور جھوٹا پایا گیا۔ ہمارے اگلے دستے اس علاقے میں اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین کے دورے سے واقف تھے، اور انہوں نے الزام کے مطابق کوئی فائرنگ نہیں کی۔

اپنے زیر کنٹرول علاقے میں اقوام متحدہ کے اہلکاروں کے تحفظ اور سیکورٹی کو یقینی بنانے میں اپنی ناکامی پر پردہ ڈالنے کے لئے بھارت کے خلاف بے بنیاد اور من گھڑت الزامات کو دہرانے کے بجائے، پاکستان کو ذمہ داری کے ساتھ اپنی خرابیوں کی تحقیقات کرنی چاہئے۔ ہندوستان نے ان غلط بیانوں سے متعلق اپنے نتائج اور آراء سے پاکستانی فریق کو آگاہ کیا ہے"۔

نئی دہلی

20 دسمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.